اِنَّہٗ مِنۡ سُلَیۡمٰنَ وَ اِنَّہٗ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

بے شک وہ سلیمان کی طرف سے ہے اور بے شک وہ اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان رحم والا

اسماء برھتیہ
اور
لوح خاص

حیدر اشرفی چشتی

گجرات۔ انڈیا

اسماء برھتی شریف اور لوح خاص

اِنَّهٗ مِنۡ سُلَيۡمٰنَ وَ اِنَّهٗ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ • بَرۡهَتِيۡهِ بَرۡهَتِيۡهِ • كَرِيۡهِ كَرِيۡهِ • تَتۡلِيۡهِ تَتۡلِيۡهِ • طُوۡرَانِ طُوۡرَانِ • مَزۡجَلِ مَزۡجَلِ • بَزۡحَبۡلِ بَزۡحَبۡلِ • تَرۡقَبِ تَرۡقَبِ • بَرۡهَشِ بَرۡهَشِ • غَلۡمَشِ غَلۡمَشِ • خُوۡطِيۡرِ خُوۡطِيۡرِ • قَلۡنَهُوۡدِ قَلۡنَهُوۡدِ • بَرۡشَانِ بَرۡشَانِ • كَظۡهِيۡرِ كَظۡهِيۡرِ • نَمُوۡشَلَخِ نَمُوۡشَلَخِ • بَرۡهَيُوۡلَا بَرۡهَيُوۡلَا • بَشۡكِيۡلَخِ بَشۡكِيۡلَخِ • قَرۡمَزِ قَرۡمَزِ • اَنۡغَلَلِيۡطِ اَنۡغَلَلِيۡطِ • قَبۡرَاتِ قَبۡرَاتِ • غَيَاهَا غَيَاهَا • كَيۡدَهُوۡلَا كَيۡدَهُوۡلَا • شَمۡخَاهِرِ شَمۡخَاهِرِ • شَمۡخَاهِيۡرِ شَمۡخَاهِيۡرِ • شَمۡهَاهِيۡرِ شَمۡهَاهِيۡرِ • بَكَهۡطَهۡطَهُوۡنِيۡهِ بَكَهۡطَهۡطَهُوۡنِيۡهِ • بَشَارَشِ بَشَارَشِ • طُوۡنَشِ طُوۡنَشِ • شَمۡخَايَارُوۡخِ شَمۡخَايَارُوۡخِ •

یہ اسمائے مبارک دعائے بڑھتی شریف کے اسماء ہیں۔ دعائے برھتی شریف پیغمبر خدا حضرت سلیمان علیہ السلام پر نازل ہوئی تھی۔ کہا جاتا ہے کہ یہ دعاء ایک عہد ہے جو حضرت سلیمان علیہ السلام نے اپنی سلطنت میں واپس آنے کے وقت سریانی زبان کے عظیم القدر ان اسماء جو تمام اسماء اور عزائم پر فضیلت رکھتے ہیں کے ساتھ کل جنات سے لیا تھا۔ نیز یہ بھی ہے کہ یہ دعاء سلطنت سلیمانی میں داخل ہونے والے سب سے بڑے دروازے پر لکھی ہوئی تھی۔ اس لئے اسے ہیکل سلیمانی بھی کہا جاتا ہے۔ تمام ارواح روحانیت و مؤکلات علوی اور سفلی تمام جنات و شیاطین ان اسماء کے تابع ہیں۔ جو شخص ان اسماء کے ساتھ دعاء کرتا ہے، تمام ملائک اور روحانیات اس کی اجابت کو بہت جلد حاضر ہوتے ہیں اور ہر قسم کی خدمت کرتے ہیں۔ ان اسماء کے حکم سے کوئی پیچھے نہیں رہ سکتا۔ یہ آسماء اعمال روحانی کے ہر عمل میں کام آتے ہیں۔

اسماء کے نصاب اور زکوٰۃ کا طریقہ

ان اسماء سے فیض حاصل کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے ان اسماء کا نصاب یا زکوٰۃ ادا کی جائیں۔ نصاب کی کل تعداد 1355 ہے، اس کو ادا کرنے کے دو طریقے ہیں۔ ایک طریقہ تو یہ ہے کہ مکمل پرہیز جلالی جمالی کے ساتھ چلہ کی تمام شرائط پر عمل کرتے ہوئے 15 دن تک بعد نماز عشاء خلوت میں ان اسماء کا ورد کیا جائے۔ اس طرح سے کہ 14 دن تک روزانہ 90 بار

اور 15 ویں دن 95 بار ان اسماء کا ورد کیا جائے تو 1355 کی تعداد مکمل ہو جائے گی۔ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ مکمل پرہیز جلالی جمالی کے ساتھ چلہ کی تمام شرائط پر عمل کرتے ہوئے 9 دن تک بعد نماز عشاء خلوت میں ان اسماء کا ورد کیا جائے اس طرح سے کہ 8 دن تک روزانہ 150 بار اور 9 ویں دن 155 بار ان آسماء کا ورد کیا جائے تو بھی 1355 کی تعداد مکمل ہو جائے گی۔ دونو میں سے جس طریقہ سے چاہے ادا ہو جائے گی۔ کچھ علماء عملیت اس کی زکٰوۃ کے کچھ اور طریقے بھی ارشاد فرماتے ہیں۔ جو یہاں درج کے جاتے ہیں۔ اور وہ یہ ہے کہ مکمل پرہیز جلالی جمالی کے ساتھ چلہ کی تمام شرائط پر عمل کرتے ہوئے 7 دن تک روزانہ ہر نماز کے بعد 45 بار پڑھا جائے تو اس کی زکٰوۃ ادا ہو جائے گی۔ اسی طرح مکمل پرہیز جلالی جمالی کے ساتھ چلہ کی تمام شرائط پر عمل کرتے ہوئے 9 دن تک روزانہ چاروں نمازوں کے بعد 45 بار اور عشاء کی نماز کے بعد 90 بار پڑھا جائے تو بھی اس کی زکٰوۃ ادا ہو جائے گی۔ جو اور بھی مؤثر ہو گی۔ اسی طرح مکمل پرہیز جلالی جمالی کے ساتھ چلہ کی تمام شرائط پر عمل کرتے ہوئے 21 دن تک روزانہ ہر نماز کے بعد 90 بار پڑھا جائے تو اس کی زکٰوۃ ادا ہو جائے گی جو اگلی زکٰوۃ سے زیادہ تاثیر والی ہو گی۔ اسی طرح مکمل پرہیز جلالی جمالی کے ساتھ چلہ کی تمام شرائط پر عمل کرتے ہوئے 45 دن تک روزانہ ہر نماز کے بعد 90 بار پڑھا جائے تو اس کی زکٰوۃ ادا ہو جائے گی جو اس عمل کی زکٰوۃ کبیر ہے۔ ہر ممکن کوشش کریں کہ عمل کے دوران روزانہ روزہ رکھیں۔ اگر ممکن نہ ہو تو ہر 3 دن میں ایک بار روزہ رکھیں۔ ورنہ عمل کے پہلے دن اور آخری دن لازمی روزہ رکھیں۔ عمل مکمل ہونے کے بعد روزانہ 9 بار یا ہو سکے تو 45 بار ان اسماء کا ورد کرتے رہیں تا کہ عمل بھی قابو میں رہے اور روزانہ کے ورد سے اس کی تاثیر بھی بڑھتی رہے۔ اس عمل کی زکٰوۃ ادا کرنے کے بعد اس سے بیشمار کام لئے کا سکتے ہیں۔

ان اسماء کو پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کے ہر اسم کو 2 بار پڑھنا ہے جیسا یہاں پر لکھا گیا ہے۔ اور اس طرح ہر اسم کو 2 بار پڑھنے کو ہی 1 بار پڑھا مانا جائے گا۔ جس طرح سے یہاں اسماء کو درج کیا گیا ہے اسے مکمل پڑھنا ایک بار پڑھنا مانا جائے گا۔ اسی طرح سے روزانہ 45 یا 90 یا 150 بار پڑھنا ہے۔ اسماء برھتی کے کل عدد قمری 18813 ہیں۔

❖ ❖ اسماء کے استعمال کا طریقہ ❖ ❖

کسی بھی مریض کو کسی بھی عمل کا دم کرتے وقت عمل کے آخر میں ان اسماء کو ایک بار پڑھ کر مریض پر دم کیا جائے تو اس دم کی تاثیر بڑھ جائے گی اور وہ دم گولی سے زیادہ تیز اثر کریگا۔

اگر کسی مریض پر کسی قسم کے ناپاک اثرات ہوں اور عامل چاہے کے ان اثرات کو مریض پر حاضر کرے تو مریض کو سامنے بیٹھا کر دل میں ان اثرات کو حاضر کرنے کا ارادہ کر کے ان اسمائے برھتی کو مریض کے سامنے وہ سن سکے اتنے بلند آواز سے پڑھنا شروع کرے کہ مریض سنتا رہے۔ کچھ بار پڑھنے پر ہی مریض پر حاضری شروع ہو جائے گی۔ اب عامل اپنی عقل کا استعمال کر کے مریض کا مناسب علاج کرے۔

کسی بھی مریض کو کسی بھی مقصد کے لئے کوئی بھی تعویز یا نقش بنا کر دیا جائے تو اس تعویز یا نقش پر یہ اسماء بڑھتی شریف 9 بار یا کم از کم 3 بار پڑھ کر دم کر دیا جائے تو وہ تعویز یا نقش کی تاثیر میں اضافہ ہو جائے گا اور مقصد جلدی پورا ہو گا ان شا اللہ

اگر کسی مریض کو نظر بد یا معمولی قسم کا آسیبی یا جناتی خلل ہو یا معمولی قسم کا جادو یا بندش ہو تو یہ اسماء 9 بار پڑھ کر کے دم کر دیا جائے، ساتھ میں 9 بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے دیا جائے کے مریض اس پانی کو روزانہ پیتا رہے تو اللہ کے حکم سے فورا شفاء حاصل ہو جائے گی۔

کسی بھی طرح کے جسمانی مرض یا جسمانی درد کیلئے روزانہ 9 بار پڑھ کر مریض کو متاثرہ حصہ پر دم کریں اور 90 بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے دیا جائے کہ مریض اس پانی کو روزانہ پیتا رہے تو اللہ کے حکم سے مریض کو کچھ ہی عرصے میں اس مرض سے شفاء حاصل ہو جائے گی.

اسماء برھتی کی لوح خاص

بزرگان دین فرماتے ہیں کہ دعائے برھتی کے ساتھ ساتھ پیغمبر خدا حضرت سلیمان علیہ السلام پر 9 کھانے کا نقش جو (3x3) کا نقش مثلث یعنی 15 کے نقش کے نام سے مشہور ہے وہ بھی نازل ہوا تھا۔ حضرت سلیمان علیہ السلام نے اسم اعظم (يَا حَنَّانُ) کے وظیفے کی دعوت کی تھی۔ جس کی برکت سے آپ کو وہ انگوٹھی جس کی بدولت تمام جنات و شیاطین پر آپ کی حکومت تھی، عطا ہوئی تھی اور ساتھ میں دعائے بڑھتی اور یہ نقش مثلث عطا کیا گیا تھا۔ علماء فرماتے ہیں کہ اس انگوٹھی پر یہی اسمائے برھتیہ قندہ کیے ہوئے تھے۔ دعائے برھتی اور اس نقش مثلث کا آپس میں بہت گہرا تعلق ہے۔ دعائے برھتی میں کل 28 آسماء ہیں۔ ہر کھانے کے تین اسماء اور

ایک اسم اس نقش کی لکیروں سے وابستہ ہے۔ یہ لوح آعمال خیر اور آعمال شر دونوں میں کام میں لی جا سکتی ہے۔

لوح اسماء بڑھتی یہ ہے۔

A'amale Khair Ki Loh

Aatashi Chal

انہ من سلیمان و انہ بسم اللہ الرحمن الرحیم

جبرائیل — قول — عزرائیل — اسرافیل — یا حمعسق — یا کھیعص

۶۲۷۴	۶۲۶۷	۶۲۷۲
۶۲۶۹	۶۲۷۱	۶۲۷۳
۶۲۷۰	۶۲۷۵	۶۲۶۸

بحرمت سلیمان بن داؤد علیہ السلام (مقصد)

Baadi Chal

انہ من سلیمان و انہ بسم اللہ الرحمن الرحیم

جبرائیل — قول — عزرائیل — اسرافیل — یا حمعسق — یا کھیعص

۶۲۷۴	۶۲۶۹	۶۲۷۰
۶۲۶۷	۶۲۷۱	۶۲۷۵
۶۲۷۲	۶۲۷۳	۶۲۶۸

بحرمت سلیمان بن داؤد علیہ السلام (مقصد)

Aabi Chal

انہ من سلیمان و انہ بسم اللہ الرحمن الرحیم

جبرائیل — قول — عزرائیل — اسرافیل — یا حمعسق — یا کھیعص

۶۲۷۰	۶۲۷۵	۶۲۶۸
۶۲۶۹	۶۲۷۱	۶۲۷۳
۶۲۷۴	۶۲۶۷	۶۲۷۲

بحرمت سلیمان بن داؤد علیہ السلام (مقصد)

Khaki Chal

انہ من سلیمان و انہ بسم اللہ الرحمن الرحیم

جبرائیل — قول — عزرائیل — اسرافیل — یا حمعسق — یا کھیعص

۶۲۷۰	۶۲۶۹	۶۲۷۴
۶۲۷۵	۶۲۷۱	۶۲۶۷
۶۲۶۸	۶۲۷۳	۶۲۷۲

بحرمت سلیمان بن داؤد علیہ السلام (مقصد)

A'amale Sharr Ki Loh

Aatashi Chal

جبرائیل — قول — عزرائیل — اسرافیل — یا حمعسق — یا کھیعص

۶۲۷۴	۶۲۶۷	۶۲۷۲
۶۲۶۹	۶۲۷۱	۶۲۷۳
۶۲۷۰	۶۲۷۵	۶۲۶۸

Badi Chal

جبرائیل — قول — عزرائیل — اسرافیل — یا حمعسق — یا کھیعص

۶۲۷۴	۶۲۶۹	۶۲۷۰
۶۲۶۷	۶۲۷۱	۶۲۷۵
۶۲۷۲	۶۲۷۳	۶۲۶۸

Aabi Chal

جبرائیل — قول — عزرائیل — اسرافیل — یا حمعسق — یا کھیعص

۶۲۷۰	۶۲۷۵	۶۲۶۸
۶۲۶۹	۶۲۷۱	۶۲۷۳
۶۲۷۴	۶۲۶۷	۶۲۷۲

Khaki Chal

جبرائیل — قول — عزرائیل — اسرافیل — یا حمعسق — یا کھیعص

۶۲۷۰	۶۲۶۹	۶۲۷۴
۶۲۷۵	۶۲۷۱	۶۲۶۷
۶۲۶۸	۶۲۷۳	۶۲۷۲

اسے بنانے کا طریقہ یہ ہے کے سب سے پہلے ان کلام جس میں پہلے **قولہ** ، پھر **الحق** ، پھر **ولہ** ، پھر **الملک** سے ایک خانہ بنایا جائے گا۔(یہ پڑھتے وقت لوح کو دیکھتے جائیں تو طریقہ آسانی سے سمجھ میں آ جائے گا) پھر اس کے اندر لکیریں کھینچ کر **(3x3)** کے حساب سے کل **9** خانے بنائیں۔پھر ان خانوں میں جس عنصر سے لوح بنانی ہے اس کے مطابق پہلے خانے میں **۶۲۶۷**، دوسرے خانے میں **۶۲۶۸**... اسی طریقے سے عنصر کی چال کے مطابق ہر خانے میں **1۔1** عدد بڑھاتے ہوئے لوح کو مکمل کریں۔ اس لوح میں کسی طرح کی کوئی کسر نہیں ہے۔ ہر طرف سے حساب لگانے پر ٹوٹل **18813** آ جائے گا۔پھر اگر لوح آعمال خیر کے لئے ہو تو ہر کونے میں لفظ **(بدوح)** لکھیں ، اور اگر لوح آعمال شر کے لئے ہو تو ہر کونے میں لفظ **(اجھزط)** لکھیں۔ اس کے بعد چاروں مقرب ملائک کے نام بدستور پہلے **(جبرائیل)**، پھر **(عزرائیل)**، پھر **(میکائیل)**، پھر **(اسرافیل)** لکھیں۔اس کے بعد حرف مقتعات میں پہلے**(یا کھٰیٰعص)**، پھر **(یا حٰمعسق)** لکھیں۔ پھر سب سے آخر میں لوح کے نیچے **(بحرمت سلیمان بن داؤد علیہ السلام۔۔۔)** کے ساتھ جس مقصد کے لئے لوح بنانی ہے وہ مقصد لکھیں۔بس لوح تیار ہے۔

یادرہے! اگر لوح اعمال خیر کے لئے ہو تو لوبان یا صندل یا زعفران کی دھونی دیں اور موم جامہ یا پلاسٹک میں پیک کرکے ہرے (گرین) رنگ کے کپڑے میں پیک کر کے حسب ضرورت استعمال کریں، اور اگر لوح اعمال شر لیے ہوں تو کالی مرچ یا پیاز کا چھلکا جلا کر دھونی دیں اور موم جامہ یا پلاسٹک میں پیک کر کے کالے (بلیک) رنگ کے کپڑے میں سی کر حسب ضرورت استعمال کریں۔ اعمال خیر کی لوح گرین یا بلوں رنگ کی پین سے بنائے اور اعمال شر کی لوح بلیک پین سے بنائے جبکہ پانی میں ڈال کر پینے کے لئے دی جانے والی لوح زعفران اور عرق گلاب کی سیاہی سے بنائیں۔ لوح بناتے وقت اس بات کا ہمیشہ خیال رکھیں کے، گلے میں پہننے والی اور بازو پر باندھنے والی لوح آتشی چال سے بنائی جائے گی۔ قبرستان میں دفن کرنے والی اور وزن کے نیچے دبانے والی لوح خاکی چال سے بنائی جائے گی۔ پیڑ پر لٹکانے والی لوح بادی چال سے بنائی جائے گی۔ جب کے پینے کے لئے زعفران سے جو لوح بنائی جائے گی وہ آبی چال سے بنائی جائے گی۔ جس قدر استعمال کے طریقے میں بتایا گیا ہے اتنی بار اسماء برھتی پڑھ کر دم بھی کریں۔ اس بات کا خیال رکھیں کے اسماء برھتی جس تعداد میں پڑھ کر دم کرنا ہے اتنی بار پڑھ کر آخر میں جس مقصد کے لئے لوح بنائی ہو اس مقصد کا حکم بھی مؤکلات کو دیں۔

❖ ❖ لوح خاص کے استعمال کا طریقہ ❖ ❖

■ اگر کسی شخص نے کسی کے پیسے دبالئے ہو اور اس کے پاس پیسے ہونے کے باوجود نہ دیتا ہو تو ایک لوح اعمال خیر کی بنا کر نیچے مقصد لکھ کر اس پر 45 بار اسماء بر ھتی پڑھ کر دم کریں اور مریض کو دیں کہ اپنے گلے میں پہن لے، اور 2 لوح اعمال شر کی بنا کر نیچے مقصد لکھ کر ہر ایک پر 45 بار اسماء بر ھتی پڑھ کر دم کریں۔ پھر ایک کو کالے کپڑے میں سی کر قبرستان میں کسی پرانی قبر میں دفن کریں اور دوسری لوح کالے کپڑے میں سی کر کسی خاردار درخت یا پیپل یا کڑوے نیم کے درخت پر اس طرح لٹکائیں کے ہوا سے ہلتا رہے۔ ان شاء اللہ کچھ ہی دن میں مقصد پورا ہو گا۔

■ اگر کسی کو نوکری نہ ملتی ہو، نوکری میں پروموشن چاہتا ہو، خود کا ٹرانسفر کروانا یا روکنا ہو، امتحان میں کامیابی حاصل کرنی ہو، کسی مقابلہ میں جیت حاصل کرنی ہو تو ایک لوح اعمال خیر کی بنا کر نیچے مقصد لکھ کر اس پر 45 بار اسماء بر ھتی پڑھ کر دم کریں اور مریض کو دیں کے اپنے گلے میں پہن لے۔ اللہ کے حکم سے کامیابی ملیگی۔

■ اگر کسی کی بیوی لڑ جھگڑ کر میکے چلی گئ ہو اور واپس آنے کو راضی نہ ہو یا کسی شوہر نے ناراض ہو کر اپنی بیوی کو میکے بھیج دیا ہو اور وہ واپس نہ بلاتا ہو تو ایک لوح اعمال خیر کی بنا کر نیچے مقصد لکھ کر اس پر 45 بار اسماء بر ھتی پڑھ کر دم کریں اور مریض کو دیں کے اپنے گلے میں پہن لے، اور دوسری لوح اعمال خیر کی بنا کر مقصد لکھ کر اس پر 45 بار اسماء بر ھتی پڑھ کر دم کریں اور مریض کو دیں کے گرین کپڑے میں سی کر کسی میٹھے پھل دار درخت جیسے چیکو، انار، آم وغیرہ کے پیڑ پر اس طرح لٹکائے کے ہوا سے ہلتا رہے ۔ ان شا اللہ کچھ ہی دن میں بیوی واپس آجائے گی اور شوہر ناراض ہو گا تو اس کی ناراضگی دور ہو جائے گی ۔

■ اگر کسی میاں بیوی میں ہمیشہ نا اتفاقی رہتی ہو، جھگڑے ہوتے رہتے ہو، ایک دوسرے سے آپس میں نہ بنتی ہو تو ہمیشہ کے لئے آپسی محبت قائم ہونے کے مقصد سے ایک لوح اعمال خیر کی بنا کر نیچے مقصد لکھ کر اس پر 45 بار اسماء بر ھتی پڑھ کر دم کریں اور مریض کو دیں کے گرین کپڑے میں سی کر گھر میں کسی جگہ وزندار پتھر یا کسی اور چیز کے نیچے اس طرح دبا دے کے کوئی نکال نہ سکے اور کم سے کم 10 سے 15 کلو کا وزن آئے۔ اور 9 لوح اعمال خیر کی زعفران سے دونوں میں آپسی محبت کا مقصد لکھ کر بنا کر دیں اور ہر لوح پر 9 بار اسماء بر ھتی پڑھ دم کریں اور مریض کو دیں کہ اس میں سے ایک لوح پانی میں ڈال کر اس کا پانی 3 دن تک دونوں میاں بیوی پیا کرے اور نیا پانی ملایا کرے۔ اسی طرح کل 9 لوح 27 دن تک پیئے۔ اللہ کے حکم سے دونوں میں

آپس میں اتفاق قائم ہو جائے گا۔ اسی طرح سے یہ طریقہ دو بھائیو میں یا گھر کے دوسرے میمبر یا دوست یا کسی بھی جائز مقصد کے لئے استعمال کر سکتے ہے۔

■ اگر کسی عورت کو حمل نہ رو کتا ہو تو سب سے پہلے دونوں میاں بیوی کو روحانی طور پر چیک کر لیا جائے کے کہی کوئی روحانی مسئلہ جیسے جادو، بندش، کھلایا پلایا، آسیبی اثرات یا جنات کا سایہ وغیرہ تو نہیں ہے نہ۔ اگر ایسا ہے تو سب سے پہلے اس معاملے کا مکمل علاج کریں۔ اگر کوئی جسمانی مرض ہو تو اس کا بھی علاج شروع کروائے۔ ہر طرح کے روحانی معاملات ٹھیک ہونے کے بعد ایک لوح اعمال خیر کی بنا کر نیچے مقصد لکھ کر اس پر 45 بار اسماء بر ھتی پڑھ کر دم کریں اور عورت کو دیں کے گرین کپڑے میں سی کر اپنے گلے میں پہن لے۔ اور 9 لوح زعفران سے حمل روکنے کا مقصد لکھ کر بنا دیں اور ہر لوح پر 9 بار اسماء بر ھتی پڑھ کر دم کریں اور عورت کو دیں کہ عورت حیض سے غسل کر کے پاک ہونے کے دوسرے دن سے روزانہ ایک لوح 4 گلاس پانی میں ڈال کر دونوں میا بیوی صبح شام 1 ۔ 1 گلاس پانی پیا کریں اور اسی دوران حسب مناسبت ایک دن چھوڑ کر ایک دن صحبت کیا کرے۔ اللہ نے چاہا تو حمل قرار پائے گا۔ بل فرض اگر عورت کو حیض آجائے تو پھر اگلے مہینے کے لئے پھر سے صرف پینے کے لئے اسی طرح 9 لوح بنا کر دیں۔ 3 مہینے میں اللہ کے کرم سے کامیابی حاصل ہو گی۔

■ اگر کسی لڑکا یا لڑکی کو مناسب رشتے نہ ملتے ہوں یا آتے ہی نہ ہوں تو دیکھ لیا جائے کہ کہیں کوئی روحانی مسئلہ جیسے جادو، بندش، اثرات یا جنات کا سایہ وغیرہ تو نہیں ہے نا۔ اگر ایسا ہے تو سب سے پہلے اس معاملہ کا مکمل علاج کریں۔ روحانی معاملات کلیئر ہونے کے بعد ایک لوح اعمال خیر کی بنا کر نیچے مقصد لکھ کر اس پر 45 بار اسماء بر ھتی پڑھ کر دم کریں اور مریض کو دیں کہ اپنے گلے میں پہن لے۔ انشاء اللہ بہت جلد مناسب رشتہ مل جائے گا۔

■ اگر کسی کو اپنی کوئی چیز جیسے گاڑی، بائیک، دکان، مکان یا اور کوئی سامان بیچنا ہو اور نہ بکتا ہو یا کوئی مناسب راستہ نہ نکل رہا ہوں تو ایک لوح اعمال خیر کی بنا کر نیچے مقصد لکھ کر اس پر 45 بار اسماء بر ھتی پڑھ کر دم کریں اور مریض کو دیں کہ جو چیز بیچنی ہے اس پر باندھ دے یا اگر مکان یا دوکان وغیرہ ہیں تو وہاں جا کر لٹکا دیں۔ انشاء اللہ وہ سامان بہت جلد بکنے کے اسباب بن جائیں گے۔

■ اگر کسی شخص سے کسی جائز معاملہ میں اپنی بات منوانا ہو یا کوئی ایسا چاہے کہ فلاں معاملہ میں سامنے والا میری بات مان لے اور جیسا میں چاہوں ویسا کریں تو ایک لوح اعمال خیر کی بنا کر اس کے نیچے مقصد لکھ کر اس پر 45 بار اسماء بر ھتی پڑھ کر دم

کریں اور مریض کو دیں کہ اپنے گلے میں پہن لے، اور ایک لوح اعمال خیر کی بنا کر نیچے مقصد لکھ کر اس پر 45 بار اسماء برھتی پڑھ کر دم کریں اور مریض کو دیں کہ گرین کپڑے میں سی کر لوح کو جس سے اپنی بات منوانی ہے اس کے فوٹو پر رکھ کر گھر میں کسی جگہ وزندار پتھر یا کسی چیز کے نیچے اس طرح دبا دیں کہ کوئی نکال نہ سکے۔ مقصد پورا ہونے کے بعد اس لوح کو نکال کر بہتے پانی میں ٹھنڈا کر دیں۔

■ اگر کسی کا کورٹ میں کوئی کیس چل رہا ہوں اور چاہے کہ اس کیس میں اس کی جیت ہو اور فیصلہ اس کے حق میں ہو تو ایک لوح اعمال خیر کی بنا کر نیچے مقصد لکھ کر اس پر 45 بار اسماء برھتی پڑھ کر دم کریں اور مریض کو دیں کہ اپنے گلے میں پہن لے۔ اللہ کے حکم سے کامیابی ملے گی۔ لیکن اس شرط کے ساتھ بنا کر دیں کہ لوح اسی وقت کام کرے گی، اگرچہ مریض واقعی میں حق پر ہو اور اس معاملہ میں سچا ہو۔ کیونکہ کورٹ کچہری کے معاملات میں اکثر لوگ اپنے آپ کو ہی سچّا اور بے گناہ بتاتے ہیں ۔خود نے دوسروں کے کتنے حق مارے ہیں وہ کوئی نہیں بتاتا۔ اس لیے اس معاملہ میں بہت سوچ سمجھ کر لوح بنا کر دیں۔ ورنہ کہیں ایسا نہ ہو کہ آپ کے لوح بنا کر دے دینے سے آپ کے پاس آنے والا تو کیس جیت جائے، لیکن جس کا حق ضائع ہوا ہو آپ اس کی بد دعاء کا شکار ہو جائیں۔

■ اگر کسی دو گروہ میں یا کسی دو لوگوں میں آپس میں جھگڑا ہو جائے اور معاملہ سلجھنے کا نام نہ لے رہا ہوں یا کسی کو کورٹ میں کسی کیس میں راضی نامہ کرنا ہو اور سامنے والا اس بات پر تیار نہ ہو تا ہو تو ایک لوح اعمال خیر کی بنا کر نیچے صلح اور راضی نامہ کا مقصد لکھ کر اس پر 45 بار اسماء برھتی پڑھ کر دم کریں اور مریض کو دیں کہ اپنے گلے میں پہن لے، اور دوسری لوح اعمال خیر کی اسی مقصد کی بنا کر اس پر 45 بار اسماء برھتی پڑھ کر دم کریں اور مریض کو دیں کہ گرین کپڑے میں سی کر کسی میٹھے پھل دار درخت جیسے چیکو، انار، آم وغیرہ کے پیڑ پر اس طرح لٹکائے کہ ہوا سے ہلتا رہے۔ اللہ نے چاہا تو مناسب اسباب بن جائیگے اور صلح ہو جائے گی۔

■ اگر کسی کو کوئی دشمن بہت پریشان کرتا ہو، گالی گلوچ کرتا ہو، ہمیشہ جھگڑا کرنے پر آمادہ رہتا ہو اور چاہے کہ اس کی زبان بند ہو جائے اور وہ اپنی بری حرکتوں سے باز رہے تو 2 لوح اعمال شر کی بنا کر نیچے مقصد لکھ کر ہر ایک پر 45 بار اسماء برھتی پڑھ کر دم کریں۔ پھر ایک کو کالے کپڑے میں سی کر قبرستان میں کسی پرانی قبر میں دفن کر دیں اور دوسری لوح کالے کپڑے

میں سی کر کسی خاردار درخت یا پیپل یا کڑوے نیم کے پیڑ پر اس طرح لٹکائیں کے ہوا سے ہلتا رہے۔ انشاءاللہ دشمن کی زبان بند ہو جائے گی اور وہ اپنی حرکتوں سے بھی باز رہے گا۔

■ اگر کسی کو اس کا دشمن بہت تنگ کرتا ہو، نکسان دینے پر آمادہ رہتا ہو اور ظلم کرتا رہتا ہو اور چاہے کہ دشمن اس گھر کو، محلّہ کو، علاقہ کو یا شہر چھوڑ کر چلا جائے اور اس سے ہمیشہ کیلئے نجات مل جائے۔ غرض یہ کہ کسی کو اس کی جگہ سے بھگا دینا مقصود ہو تو 2 لوگ اعمال شر کی بنا کر نیچے مقصد لکھ کر ہر ایک پر 45 بار اسماء بر ھتی پڑھ کر دم کریں۔ پھر ایک کو کالے کپڑے میں سی کر قبرستان میں کسی پرانی قبر میں دفن کر دیں اور دوسری لوح کالے کپڑے میں سی کر کسی خاردار درخت یا پیپل یا کڑوے نیم کے پیڑ پر اس طرح لٹکائیں کے ہوا سے ہلتا رہے۔ انشاءاللہ دشمن سے نجات حاصل ہو گی۔

■ اگر کوئی شخص کہیں چلا گیا ہو یا کہیں گم ہو گیا ہو یا پیسے لے کر بھاگ گیا ہو تو اس کو واپس بلانے کے لیے اگر گمشدہ ہے تو اعمال خیر کی اور پیسے یا مال سامان لے کر بھاگ گیا ہے اور واپس بلانا ہے تو اعمال شر کی 2 لوح بنا کر نیچے مقصد لکھ کر اس پر 45 بار اسماء بر ھتی پڑھ کر دم کریں اور مریض کو دیں کہ اگر گمشدہ ہے تو گرین کپڑے میں اور بھاگ گیا ہو اور واپس بلانا ہو تو کالے کپڑے میں سی کر ایک کو قبرستان میں کسی پرانی قبر میں دفن کر دیں اور دوسری لوح کالے کپڑے میں سی کر کسی خاردار درخت یا پیپل یا کڑوے نیم کے پیڑ پر اس طرح لٹکائیں کے ہوا سے ہلتا رہے۔ ان شاء اللہ گیا ہوا جہاں کہیں بھی ہو گا وہاں سے بے چین ہو کر واپس آجائے گا۔

■ اگر کسی مریض کو کسی طرح کی بری عادتیں ہوں جیسے شراب پینا، جوا کھیلنا، چرس گانجے کا نشہ کرنا، زینا کھوری کرنا وغیرہ تو ایک لوح اعمال خیر کی بنا کر نیچے مقصد لکھ کر اس پر 45 بار اسماء بر ھتی پڑھ کر دم کریں اور مریض کو دیں کہ اپنے گلے میں پہن لے۔ ایک لوح اعمال خیر کی بنا کر نیچے مقصد لکھ کر اس پر 45 بار اسماء بر ھتی پڑھ کر دم کریں اور مریض کو دیں کہ قبرستان میں اس کو کسی پرانی قبر میں دفن کر دے۔ پھر 9 لوح زعفران سے بنا کر نیچے مقصد لکھ کر بنا کر دیں اور ہر لوح پر 9 بار اسماء بر ھتی پڑھ کر دم کریں اور مریض کو دیں کہ اس میں سے ایک لوح پانی میں ڈال کر اس کا پانی تین دن تک پیا کریں اور ملایا کریں۔ اسی طرح کل 9 لوح 27 دن تک پیئے۔ ان شاء اللہ ہر طرح کا نشہ اور بری عادت اس کی جڑ سے ختم ہو جائے گی۔

■ اگر کسی شخص کو کوئی جان لیوا بیماری جیسے کینسر، برین ٹیومر، ٹی بی، ایڈز یا اور کوئی شدید مرض لاحق ہو اور اگر مریض پر کوئی روحانی معاملات ہوں تو پہلے اسے کلیئر کریں اور پھر مریض کا علاج اس لوح سے اس طرح سے شروع کریں کہ

ایک لوح اعمال خیر کی بنا کر نیچے مقصد لکھ کر اس پر 45 بار اسماء برھتی پڑھ کر دم کریں اور مریض کو دیں کے اپنے گلے میں پہن لے اور 9 لوح زعفران سے بنا کر نیچے مقصد لکھ کر بنا کر دیں اور ہر لوح پر 9 بار اسماء برھتی پڑھ کر دم کریں اور مریض کو دیں کہ اس میں سے ایک لوح پانی میں ڈال کر اس کا پانی تین دن تک پیا کریں اور ملایا کریں۔ اسی طرح کل 9 لوح 27 دن تک پیئے۔ اسی طرح ہر مہینے 9 لوح بنا کر دیا کریں اور مریض اس لوح کا پانی پابندی سے پیتا رہے۔ ان شا اللہ مریض کے مرض میں افاقہ ہوتا جائے گا اور کچھ مہینوں میں اللہ نے چاہا تو مکمل شفا حاصل ہو جائے گی۔

- اسی طرح دیگر امراض جیسے پیلیا، ٹائفائڈ، ملیریا، سوائن فلوں، پیٹ کے امراض، مائگرین، گانٹھ ہو جانا اور اسی قسم کے امراض میں بھی اس مرض سے شفا حاصل ہونے کا مقصد لکھ کر مریض کو گلے میں پہننے کے لئے اور زعفران والی لوح پینے کے لئے دیں کہ مریض اس کا پانی پیتا رہے۔ اللہ کی رحمت سے اس مرض سے خلاصی حاصل ہو جائے گی۔

یہ کچھ طریقے اس لوح کے استعمال کے درج کیے گئے ہیں۔ اسی طرح اور بھی کئی طریقے استعمال کے ہیں اسمائے برھتی کی اس لوح کے۔ اب یہ عامل کی اپنی عقل پر ہے کہ وہ اس لوح کا کن کن کام میں اور کس طرح سے استعمال کر سکتا ہے۔ سمجھدار کو صرف اشارہ کافی ہے۔ جو یہ سمجھ لے کہ یہ لوح اور اسمائے برھتی کیا چیز ہے وہ اپنا ہر کام اسی لوح سے بخوبی نکال لے گا۔ اسے کسی اور عمل کی درکار نہ ہو گی۔ اس بات کا خاص خیال رکھیں کہ جب بھی کسی بھی مریض کو کسی بھی مقصد کے لئے لوح بنا کر دیں تو اسے اس بات کی تاکید ضرور کر دیا کریں کہ اپنا مقصد پورا ہونے کے بعد لوح کو بہتے پانی میں ٹھنڈا کر دے اور کسی سفید میٹھی چیز پر پنجتن پاک، حضرت سلیمان بن داؤد علیہ السلام اور ان کے لشکر کے نام سے فاتحہ ضرور دیں اور نیاز سب میں تقسیم کر دے

اس بات کو ذہن نشین رکھیں کہ نقش مثلث یعنی (3x3) کے نقش کا تعلق ستارہ قمر یعنی چاند سے ہے۔ قمر پہلے آسمان کا ستارہ ہے اور دن اس کا Monday ہے۔ دھات تو اس کی چاندی ہے، اس لیے اسے اور بھی پر تاثر بنانا ہو تو اسے Monday کے دن پہلی ساعت قمر میں بنانا چاہیے۔ البتہ کسی ضرورت کے تحت دیگر ساعتوں میں بھی بنا سکتے ہیں۔ جیسے اعمال خیر کی لوح ساعت مشتری، ساعت زہرہ، ساعت شمس وغیرہ میں اور اعمال شر کی Saturday کے دن پہلی ساعت زحل یا Tuesday کے دن پہلے ساعت مریخ میں بنانا بہتر ہے۔ اسی طرح سے اعمال خیر کی لوح شرف قمر میں اور اعمال شر کی لوح ہبوط قمر میں بنانا بھی بہت پر تاثیر ہوتا ہے۔

علم جفر کے اعتبار سے چاند جب آسمان میں غردش کرتا ہوا بروج ثور کے تیسرے درجے پر آتا ہے تب اسے شرف حاصل ہوتا ہے۔ اس وقت اس کی تاثیر پورے مہینے میں سب سے زیادہ اور اچھی ہوتی ہے۔ خیر کے اعمال کے لیے یہ وقت بہت مناسب مانا جاتا ہے۔ ہر مہینے یہ وقت تقریباً 1 گھنٹہ اور 30 منٹ کا ہوتا ہے۔ کسی بھی جنتری میں دیکھ کر یہ وقت معلوم کیا جاسکتا ہے۔ اس میں ایسا کرسکتے ہیں کہ اس وقت میں الگ الگ عنصر سے اعمال خیر کی جتنی چاہیں لوح بنا کر رکھ سکتے ہیں ۔ صرف اس میں مقصد لکھنا باقی رکھیں۔ پھر جب کسی بھی ضرورت مند کو کسی بھی مقصد کے لیے لوح دینی ہو تو اس وقت کسی بھی ساعت میں مقصد لکھ کر حسب مناسبت اسمائے برھتی پڑھ کر دم کرکے دے دیا جائے۔

اسی طرح سے علم جفر کے اعتبار سے چاند جب آسمان میں گردش کرتا ہوا بروزر کا عقرب کے تیسرے درجے پر آتا ہے تو اسے ہبوط حاصل ہوتا ہے جسے قمر در عقرب بھی کہتے ہیں۔ اس وقت اس کی تاثیر پورے مہینے میں سب سے کم اور بری ہوتی ہے۔ شر کے عمل کے لیے یہ وقت بہت مناسب مانا جاتا ہے۔ ہر مہینے یہ وقت تقریباً 1 گھنٹہ اور 30 منٹ کا ہوتا ہے۔ کسی بھی جنتری میں دیکھ کر یہ وقت معلوم کیا جاسکتا ہے۔ اس میں ایسا کرسکتے ہیں کہ اس وقت میں الگ الگ عنصر سے اعمال شر کی جتنی چاہیں لوح بنا کر رکھ سکتے ہیں۔ صرف اس میں مقصد لکھنا باقی رکھیں۔ پھر جب کسی بھی ضرورت مند کو کسی بھی مقصد کے لیے لوح دینی ہو تو اس وقت کسی بھی ساعت میں مقصد لکھ کر حسب مناسبت اسمائے برھتی پڑھ کر دم کرکے دے دیا جائے۔

اسی طرح سے چاند گرہن اور سورج گرہن میں بھی مقصد باقی رکھ کر ہر عنصر کی جتنی چاہیں لوح بنا کر رکھ سکتے ہیں اور پھر مناسب مقصد لکھ کر جب چاہیں استعمال کرسکتے ہیں۔

نقش مثلث کی زکوٰۃ کا طریقہ

اگر کوئی عامل چاہے کہ وہ جو بھی نقش مثلث یعنی (3x3) بنائیں اس میں بے انتہا تاثر پیدا ہو اور جس بھی ضرورت کے لئے جو بھی نقش مثلث جس کسی کو بھی بنا کر دے وہ مقصد فوری طور پر پورا ہو جائے تو اسے چاہیے کہ وہ نقش مثلث کی زکوٰۃ چاروں عنصر کے ساتھ ادا کردے۔ زکوٰۃ ادا کرنے کے بعد عامل (3x3) کا جو بھی نقش بنائے گا اس میں اسے اللہ کے حکم سے فوراً رزلٹ ملے گا۔ نقش مثلث کی زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ مکمل پرہیز جلالی جمالی کے ساتھ چلہ کی تمام شرائط پر عمل کرتے ہوئے 60 دن تک روزانہ ایک وقت مقرر کرکے روز کے 60 نقش بنائے۔ 15 نقش آتشی چال سے، 15 نقش خاکی چال سے، 15 نقش بادی چال سے اور 15 نقش آبی چال سے۔ اس طرح سے روزانہ کل 60 نقش بنائیں اور اسے اپنے پاس الگ الگ جمع کرتا رہے۔

61ویں دن فاتحہ دے کر اپنا چلہ ختم کریں اور تمام نقوش کو ان کے عنصر کے حساب سے معاملات انجام دے۔ جیسے 60 دن تک جو روز کے 15 نقش آتشی چال سے بنا کر جمع کرتا رہا تو 60 دن میں کل 900 نقش آتشی چال والے جمع ہوئے۔ اب ایک ایک کر کے تمام آتشی چال والے نقوش کو جلا دیں، کیونکہ آتش کا مطلب آگ ہوتا ہے تو اس چال کے تمام نقوش کو جلایا جائے گا۔ اسی طرح سے 60 دن تک جو روز کے 15 نقش خاکی چال سے بنا کر جمع کرتا رہا تو 60 دن میں کل 900 نقش خاکی چال والے جمع ہوئے۔ اب تمام خاکی چال والے نقوش کو کسی قبرستان میں دفن کر دے۔ کیونکہ خاک کا مطلب مٹی ہوتا ہے تو اس چال کے تمام نقوش کو مٹی میں دفن کیا جائے گا۔ اسی طرح سے 60 دن تک جو روز کے 15 نقش آبی چال سے بنا کر جمع کرتا رہا تو 60 دن میں کل 900 نقش آبی چال والے جمع ہوئے۔ اب تمام آبی چال والے نقوش کو آٹے کی گولیاں بنا کر دریا یا سمندر میں ڈال دیں۔ کیونکہ آب کا مطلب پانی ہوتا ہے تو اس چال کے تمام نقوش کو بہتے ہوئے پانی کے حوالے کیا جائے گا۔ اسی طرح سے 60 دن تک جو روز کے 15 نقش بادی چال سے بنا کر جمع کرتا رہا تو 60 دن میں کل 900 نقش بادی چال والے جمع ہوئے۔ اب تمام بادی چال والے نقوش کو شہر سے باہر کسی اونچے پہاڑ پر جا کر ایک ایک کر کے ہوا میں اڑا دے۔ اس طرح سے کہ اڑتے ہوئے راستے پر نہ جا گرے، ورنہ بے ادبی ہو جائے گی۔ کیونکہ باد کا مطلب ہوا ہوتا ہے تو اس چال کے تمام نقوش کو کسی اونچائی سے ہوا میں اڑا دیا جائے گا۔ بس زکوٰۃ ادا ہو گئی۔ اب عامل اس لوح کے علاوہ بھی جو بھی نقش مثلث بنائے گا وہ نقش فوراً اپنا اثر دکھائے گا۔ زکوٰۃ ادا کرنے کے بعد روزانہ مداومت کے طور پر 9 نقش بناتا رہے تاکہ عمل قابو میں رہے۔ ہر مہینے ان جمع ہوئے نقوش کا بھی اوپر بتائیں مطابق معاملہ کرتا رہے۔ زکوٰۃ ادا کرتے وقت جو نقوش زکوٰۃ ادا کرنے کے لیے بنائے جائیں گے اس میں ۱ سے ۹ کا عدد بھرے جائیں گے۔ جیسے پہلے خانے میں ۱، دوسرے خانے میں ۲، تیسرے خانے میں ۳... اسی طرح سے کل 9 خانوں میں ۱ سے ۹ کے عدد بھرے جائیں گے اور ہر طرف سے ٹوٹل اس کا کل 15 آئے گا۔ چاروں عنصر کی چالیں اس مطابق ہے۔

Aatashi

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

Aabi

۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶

Badi

۸	۳	۴
۱	۵	۹
۶	۷	۲

Khaki

۴	۳	۸
۹	۵	۱
۲	۷	۶

اللہ تعالیٰ پنجتن پاک اور حضرت سلیمان بن داؤد علیہ السلام کے صدقہ میں تمام کو اس لوح اور ان مقدس اسماء کے فوائد سے مستفید فرمائے اور اسے صرف اور صرف جائز امور میں ہی استعمال کرنے کی نیک توفیق عطا فرمائے اور کسی کو اس کے

ذریعے ناحق نقصان پہنچانے سے بچا کر رکھے۔ ساتھ ہی اس لوح اور ان اسماء کا صرف اور صرف جائز استعمال کرنے والوں کو اپنے حفظ و امان میں رکھے۔

آمین بجاہ النبی الامین صلی اللہ علیہ و الہ و سلم